القرآن الكريم

سُورَةُ البَقَرَة

سُورَةُ الحج

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

By Shehla Rani
HAQUE
Coaching and Consulting
00966 503 370483

﴿ سُورَةُ ا لحج ﴾

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُواْ رَبَّكُمۡۚ إِنَّ زَلۡزَلَةَ ٱلسَّاعَةِ شَيۡءٌ عَظِيمٞ ١

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ	ٱتَّقُواْ	رَبَّكُمۡۚ	إِنَّ	زَلۡزَلَةَ ٱلسَّاعَةِ	شَيۡءٌ عَظِيمٞ ١
اے لوگوں	تم ڈرو	اپنے رب سے	بیشک	قیامت کا زلزلہ	ایک بہت بڑی چیز ہے
اے لوگوں تم اپنے رب سے ڈرو! بیشک قیامت کا زلزلہ ایک بہت بڑی چیز ہے					

يَوۡمَ تَرَوۡنَهَا تَذۡهَلُ كُلُّ مُرۡضِعَةٍ عَمَّآ

يَوۡمَ	تَرَوۡنَهَا	تَذۡهَلُ	كُلُّ	مُرۡضِعَةٍ	عَمَّآ
جس دن	تم اسے دیکھوگے	غافل ہو جائے گی	ہر	دودھ پلانے والی	اس سے جسے
جس دن تم اسے (یعنی قیامت کو) دیکھوگے ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پلاتے بچے سے غافل ہو جائے گی					

أَرۡضَعَتۡ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمۡلٍ حَمۡلَهَا وَتَرَى

أَرۡضَعَتۡ	وَتَضَعُ	كُلُّ	ذَاتِ حَمۡلٍ	حَمۡلَهَا	وَتَرَى
اس نے دودھ پلایا تھا	اورڈال دے گی	ہر	حمل والی	اپنا حمل	اور آپ دیکھیں گے
اور (دہشت کا یہ عالم ہو گا کہ) ہر حاملہ کا حمل گر جائے گا					

النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمۡ بِسُكٰرٰى وَلٰـكِنَّ

النَّاسَ	سُكٰرٰى	وَمَا	هُمۡ	بِسُكٰرٰى	وَلٰـكِنَّ
لوگوں کو	نشے میں	حالانکہ نہیں ہونگے	وہ	نشے میں	اور لیکن

اور آپ دیکھیں گے لوگوں کو کہ جیسے وہ نشے میں ہیں حالانکہ وہ نشے میں نہیں ہونگے

عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيۡدٌ ۝٢ وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ

عَذَابَ اللّٰهِ	شَدِيۡدٌ ۝٢	وَمِنَ النَّاسِ	مَنۡ يُّجَادِلُ	فِى اللّٰهِ	بِغَيۡرِ عِلۡمٍ
اللہ کا عذاب	شدید ہو گا	اور کچھ لوگ (وہ ہیں)	جو جھگڑا کرتے ہیں	اللہ کے بارے میں	بغیر علم کے

بلکہ اللہ کا عذاب ہی بہت سخت ہے۔ اور کچھ لوگ وہ ہیں جو اللہ کے بارے میں بغیر علم کے جھگڑا کرتے ہیں

وَّيَـتَّبِعُ كُلَّ شَيۡطٰنٍ مَّرِيۡدٍ ۙ ۝٣ كُتِبَ عَلَيۡهِ

وَّيَـتَّبِعُ	كُلَّ	شَيۡطٰنٍ	مَّرِيۡدٍ ۙ ۝٣	كُتِبَ	عَلَيۡهِ
اور وہ اتباع کرتے ہیں	ہر	شیطان	سرکش کا	لکھ دیا گیا ہے	اس کی بابت

اور وہ ہر سرکش شیطان کا اتباع کرتے ہیں۔اس شیطان کے بارے میں تو لکھ دیا گیا ہے

اَنَّهٗ مَنۡ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهۡدِيۡهِ

اَنَّهٗ	مَنۡ	تَوَلَّاهُ	فَاَنَّهٗ	يُضِلُّهٗ	وَيَهۡدِيۡهِ
کہ بیشک	جو کوئی	اس سے دوستی کرے گا	تو بیشک وہ	اس کو گمراہ کر دے گا	اور اس کی رہنمائی کرے گا

کہ جو کوئی بھی اس سے دوستی کرے گا تو وہ اسے گمراہ کر دے گا

اِلٰى عَذَابِ السَّعِيۡرِ‏ ﴿۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ رَيۡبٍ مِّنَ الۡبَعۡثِ

مِّنَ الۡبَعۡثِ	فِىۡ رَيۡبٍ	كُنۡتُمۡ	اِنۡ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	اِلٰى عَذَابِ السَّعِيۡرِ ﴿۴﴾
دوبارہ زندہ ہونے سے	شک میں	ہو تم	اگر	اے لوگو!	جہنم کے عذاب کی طرف
اور اس کی جہنم کے عذاب کی طرف رہنمائی کرے گا۔ اے لوگو! اگر تمھیں دوبارہ اُٹھائے جانے کے بارے میں شک ہے					

فَاِنَّا خَلَقۡنٰكُمۡ مِّنۡ تُرَابٍ ثُمَّ مِنۡ نُّطۡفَةٍ ثُمَّ مِنۡ عَلَقَةٍ

مِنۡ عَلَقَةٍ	ثُمَّ	مِنۡ نُّطۡفَةٍ	ثُمَّ	مِّنۡ تُرَابٍ	فَاِنَّا خَلَقۡنٰكُمۡ
جمے ہوئے خون سے	پھر	نطفے سے	پھر	مٹی سے	تو بیشک ہم ہی نے تمھیں پیدا کیا
تو بیشک ہم ہی نے تمھیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر جمے ہوئے خون سے					

ثُمَّ مِنۡ مُّضۡغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيۡرِ مُخَلَّقَةٍ

وَّغَيۡرِ مُخَلَّقَةٍ	مُّخَلَّقَةٍ	مِنۡ مُّضۡغَةٍ	ثُمَّ
اور جو ادھوری شکل وصورت والا ہے	جو پوری شکل وصورت والا ہے	گوشت کے لوتھڑے سے	پھر
پھر گوشت کے لوتھڑے سے جو پوری شکل وصورت والا اور جو ادھوری شکل وصورت والا ہے			

لِّـنُبَيِّنَ لَـكُمۡؕ وَنُقِرُّ فِى الۡاَرۡحَامِ مَا نَشَآءُ

نَشَآءُ	مَا	فِى الۡاَرۡحَامِ	وَنُقِرُّ	لَـكُمۡ	لِّـنُبَيِّنَ
ہم چاہتے ہیں	جس (نطفے) کو	رحموں میں	اور ہم ٹھہراتے ہیں	تمھارے لیے	تاکہ ہم بیان کریں
تاکہ ہم تمھارے لیے کھول کھول کر بیان کریں اور ہم ٹھہراتے ہیں رحموں کے اندر جو ہم چاہتے ہیں					

اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی ثُمَّ نُخۡرِجُکُمۡ طِفۡلًا ثُمَّ لِتَبۡلُغُوۡا

اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی	ثُمَّ	نُخۡرِجُکُمۡ	طِفۡلًا	ثُمَّ	لِتَبۡلُغُوۡا
ایک مقررہ وقت تک	پھر	ہم تمھیں نکالتے ہیں	مکمل بچہ بنا کر	پھر	(تمھیں عمر دیتے ہیں) تا کہ تم پہنچو
ایک مقررہ وقت تک پھر ہم نکالتے ہیں تمھیں چھوٹے سے بچے کی صورت میں، پھر تم پہنچتے ہو اپنی جوانی کو۔					

اَشُدَّکُمۡ ۚ وَمِنۡکُمۡ مَّنۡ یُّتَوَفّٰی وَمِنۡکُمۡ

اَشُدَّکُمۡ	وَمِنۡکُمۡ	مَّنۡ یُّتَوَفّٰی	وَمِنۡکُمۡ
اپنی جوانی (کی قوتوں) کو	اور تم میں سے کوئی	وہ ہے جو فوت کر دیا جاتا ہے	اور تم میں سے کوئی
اور تم میں سے وہ بھی ہیں جو پہلے ہی فوت ہو جاتے ہیں اور وہ بھی ہیں			

مَّنۡ یُّرَدُّ اِلٰٓی اَرۡذَلِ الۡعُمُرِ لِکَیۡلَا یَعۡلَمَ مِنۡۢ بَعۡدِ عِلۡمٍ

مَّنۡ یُّرَدُّ	اِلٰٓی اَرۡذَلِ الۡعُمُرِ	لِکَیۡلَا	یَعۡلَمَ	مِنۡۢ بَعۡدِ عِلۡمٍ
وہ ہے جو لوٹایا جاتا ہے	نہایت ناکارہ عمر کی طرف	تا کہ نہ	وہ جانے	جان لینے کے بعد
جو نہایت ناکارہ عمر کی طرف لوٹائے جاتے ہیں کہ اُسے کچھ بھی علم نہ رہے سب کچھ جاننے کے بعد۔				

شَیۡــًٔــا وَتَرَی الۡاَرۡضَ ھَامِدَۃً فَاِذَا اَنۡزَلۡنَا

شَیۡــًٔــا	وَتَرَی	الۡاَرۡضَ	ھَامِدَۃً	فَاِذَا	اَنۡزَلۡنَا
کچھ بھی	اور آپ دیکھتے ہیں	زمین کو	خشک (مردہ بے آباد)	پھر جب	ہم اتارتے ہیں
اور آپ زمین کو خشک (مردہ بے آباد) دیکھتے ہیں					

عَلَيۡهَا الۡمَآءَ اهۡتَزَّتۡ وَرَبَتۡ وَاَنۡۢبَـتَتۡ مِنۡ كُلِّ زَوۡجٍۢ

مِنۡ كُلِّ زَوۡجٍۢ	وَاَنۡۢبَـتَتۡ	وَرَبَتۡ	اهۡتَزَّتۡ	الۡمَآءَ	عَلَيۡهَا
ہر قسم کی	اور اُگاتی ہے	اور ابھرتی ہے	تو وہ لہلہاتی ہے	پانی (بارش)	اس پر
پھر جب ہم اس پر بارش برساتے ہیں تو وہ لہلہاتی اور ابھرتی ہے اور ہر قسم کی خوش نما چیزیں اُگاتی ہے۔					

بَهِيۡجٍ ۝٥ ذٰ لِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡحَـقُّ

الۡحَـقُّ	هُوَ	اللّٰهَ	بِاَنَّ	ذٰ لِكَ	بَهِيۡجٍ ۝٥
حق ہے	ہی	اللہ	اس وجہ سے کہ بیشک	یہ	خوش نما چیزیں
یہ اس وجہ سے کہ بیشک اللہ ہی حق ہے					

وَاَنَّهٗ يُحۡىِ الۡمَوۡتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ۙ‏ ۝٦

قَدِيۡرٌ ۙ‏ ۝٦	عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ	وَاَنَّهٗ	الۡمَوۡتٰى	يُحۡىِ	وَاَنَّهٗ
خوب قادر ہے	ہر چیز پر	اور بیشک وہی	مردوں کو	زندہ کرتا ہے	اور بیشک وہی
اور بیشک وہی مردوں کو زندہ کرتا ہے اور بیشک وہی ہر چیز پر خوب قادر ہے					

وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيۡبَ فِيۡهَا ۙ

فِيۡهَا ۙ	رَيۡبَ	لَّا	اٰتِيَةٌ	السَّاعَةَ	وَّاَنَّ
اس میں	کوئی شک	نہیں	آنے والی ہے	قیامت	اور یہ کہ بیشک
اور یہ کہ بیشک قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے					

وَاَنَّ اللّٰهَ يَـبۡعَثُ مَنۡ فِى الۡقُبُوۡرِ ۞ وَمِنَ النَّاسِ

وَاَنَّ	اللّٰهَ	يَـبۡعَثُ	مَنۡ	فِى الۡقُبُوۡرِ ۞	وَمِنَ النَّاسِ
اور یہ کہ بیشک	اللہ تعالیٰ	دوبارہ اُٹھائے گا	ان کو جو	قبروں میں ہیں	اور لوگوں میں سے بعض
اور یہ کہ بیشک اللہ تعالیٰ قبر والوں کو دوبارہ زندہ کرے گا۔					

مَنۡ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ وَّلَا هُدًى وَلَا

مَنۡ	يُّجَادِلُ	فِى اللّٰهِ	بِغَيۡرِ عِلۡمٍ	وَّلَا هُدًى	وَلَا
وہ ہے جو	جھگڑا کرتا ہے	اللہ کے بارے میں	بغیر علم کے	اور بغیر ہدایت کے	اور بغیر
بعض لوگ اللہ کے بارے میں بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر روشن کتاب کے جھگڑتے ہیں۔					

كِتٰبٍ مُّنِيۡرٍ ۙ ۞ ثَانِىَ عِطۡفِهٖ لِيُضِلَّ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ

كِتٰبٍ مُّنِيۡرٍ ۙ ۞	ثَانِىَ	عِطۡفِهٖ	لِيُضِلَّ	عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ
روشن کتاب کے	حالانکہ وہ موڑنے والا ہے	اپنا پہلو	تاکہ وہ گمراہ کرے (لوگوں کو)	اللہ کے راستے سے
(تکبر سے) اپنی کروٹ موڑ کر چل دیتا ہے تاکہ لوگوں کو اللہ کے راستے سے گمراہ کرے۔				

لَهٗ فِى الدُّنۡيَا خِزۡىٌ وَّنُذِيۡقُهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ عَذَابَ

لَهٗ	فِى الدُّنۡيَا	خِزۡىٌ	وَّنُذِيۡقُهٗ	يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ	عَذَابَ
اس کے لیے	دنیا میں	رسوائی ہے	اور ہم اسے چکھائیں گے	قیامت کے دن	عذاب
اس کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اسے جلانے والے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔					

الۡحَرِيۡقِ ۝٩ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتۡ يَدٰكَ وَاَنَّ

وَاَنَّ	يَدٰكَ	قَدَّمَتۡ	بِمَا	ذٰلِكَ	الۡحَرِيۡقِ ۝٩
اور یہ کہ بیشک	تیرے دونوں ہاتھوں نے	آگے بھیجا	اس وجہ سے ہے جو	یہ	جلانے والا
(اور اسے کہا جائے گا کہ) یہ سب کچھ تیرے اپنے ہاتھوں کے کرتوتوں کی وجہ سے ہے					

اللّٰهَ لَـيۡسَ بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِيۡدِ ۝١٠ وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ

مَنۡ	وَمِنَ النَّاسِ	لِّلۡعَبِيۡدِ ۝١٠	بِظَلَّامٍ	لَـيۡسَ	اللّٰهَ
وہ ہے جو	اور لوگوں میں سے	بندوں پر	ظلم کرنے والا	نہیں ہے	اللہ
اور یہ کہ اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔ بعض لوگ ایسے بھی ہیں					

يَّعۡبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرۡفٍ‌ ۚ فَاِنۡ اَصَابَهٗ خَيۡرُ

خَيۡرٌ	اَصَابَهٗ	فَاِنۡ	عَلٰى حَرۡفٍ	يَّعۡبُدُ اللّٰهَ
کوئی بھلائی (فائدہ)	اسے پہنچے	پھر اگر	ایک کنارے پر	اللہ کی عبادت کرتا ہے
کہ ایک کنارے پر (کھڑے) ہو کر اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔ اگر کوئی نفع مل گیا تو دلچسپی لینے لگتے ہیں				

اطۡمَاَنَّ بِهٖ‌ ۚ وَاِنۡ اَصَابَتۡهُ فِتۡنَةُ انقَلَبَ

انۡقَلَبَ	فِتۡنَةُ	اَصَابَتۡهُ	وَاِنۡ	بِهٖ‌ ۚ	اطۡمَاَنَّ
تو الٹا پھر جاتا ہے	کوئی آزمائش	اسے پہنچے	اور اگر	اس پر	تو وہ مطمئن ہو جاتا ہے (قائم رہتا ہے)
اور اگر کوئی آزمائش آگئی تو اسی وقت منہ پھیر لیتے ہیں					

عَلٰى وَجۡهِهٖ‌ۚ خَسِرَ الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةَ ‌ؕ ذٰ لِكَ هُوَ الۡخُسۡرَانُ الۡمُبِيۡنُ ۞ ١١

عَلٰى وَجۡهِهٖ‌ۚ	خَسِرَ	الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةَ	ذٰ لِكَ هُوَ	الۡخُسۡرَانُ	الۡمُبِيۡنُ ۞ ١١
اپنے چہرے کے بل	اس نے خسارہ اُٹھایا	دنیا اور آخرت میں	یہی ہے	خسارہ	واضح
وہ خسارے میں رہا دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ یہی توکھلا خسارہ ہے۔					

يَدۡعُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا

يَدۡعُوۡا	مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	مَا	لَا يَضُرُّهٗ	وَمَا
وہ پکارتا ہے	اللہ کے سوا	اس کو جو	اسے نقصان نہیں پہنچا سکتا	اور (وہ پکارتا ہے) اس کو جو
وہ پکارتا ہے اللہ کے سوا اُن کو جو نہ اسے کوئی ضرر پہنچا سکتے ہیں اور نہ ہی نفع دے سکتے ہیں				

لَا يَنۡفَعُهٗ‌ ؕ ذٰ لِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الۡبَعِيۡدُ‌ ۚ ۞ ١٢ يَدۡعُوۡا لَمَنۡ

لَا يَنۡفَعُهٗ	ذٰ لِكَ هُوَ	الضَّلٰلُ	الۡبَعِيۡدُ‌ ۚ ۞ ١٢	يَدۡعُوۡا لَمَنۡ
اسے نفع نہیں دے سکتا	یہی ہے	گمراہی	بہت دور کی	وہ پکارتا ہے اس کو کہ یقیناً
یہی ہے بہت دور کی گمراہی۔				

ضَرُّهٗۤ اَقۡرَبُ مِنۡ نَّـفۡعِهٖ‌ ؕ لَبِئۡسَ الۡمَوۡلٰى وَلَبِئۡسَ

ضَرُّهٗ	اَقۡرَبُ	مِنۡ نَّـفۡعِهٖ	لَبِئۡسَ	الۡمَوۡلٰى	وَلَبِئۡسَ
اس کا نقصان	زیادہ قریب ہے	اس کے نفع سے	بلاشبہ وہ برا ہے	دوست	اور بلاشبہ وہ برا ہے
وہ پکارتا ہے اس کو جس کا ضرر اس کے نفع سے قریب تر ہے بہت ہی برا ہے وہ دوست اور بہت ہی برا ہے وہ ساتھی۔					

الۡعَشِيۡرُ ۝١٣ اِنَّ اللّٰهَ يُدۡخِلُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

الۡعَشِيۡرُ ۝١٣	اِنَّ	اللّٰهَ	يُدۡخِلُ	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا
ساتھی	یقیناً	اللہ تعالیٰ	داخل کرے گا	ان لوگوں کو جو	ایمان لائے
یقیناً اللہ تعالیٰ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے					

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجۡرِىۡ	مِنۡ تَحۡتِهَا	الۡاَنۡهٰرُ
اور انہوں نے عمل کیے	نیک	ایسے باغات میں	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں
اُن باغوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں					

اِنَّ اللّٰهَ يَفۡعَلُ مَا يُرِيۡدُ ۝١٤ مَنۡ

اِنَّ	اللّٰهَ	يَفۡعَلُ	مَا	يُرِيۡدُ ۝١٤	مَنۡ
بیشک	اللہ	کرتا ہے	جو	وہ چاہتا ہے	جو شخص
یقیناً اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے۔					

كَانَ يَظُنُّ اَنۡ لَّنۡ يَّـنۡصُرَهُ اللّٰهُ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ

كَانَ يَظُنُّ	اَنۡ	لَّنۡ يَّـنۡصُرَهُ	اللّٰهُ	فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ
گمان کرتا ہے	یہ کہ	ہر گز اس (رسول) کی مدد نہیں کرے گا	اللہ تعالیٰ	دنیا اور آخرت میں
جس شخص کو یہ گمان ہو کہ اللہ تعالیٰ ہر گز اس (رسول) کی مدد نہیں کرے گا دنیا اور آخرت میں				

فَلۡيَمۡدُدۡ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لۡيَـقۡطَعۡ فَلۡيَنۡظُرۡ

فَلۡيَمۡدُدۡ	بِسَبَبٍ	اِلَى السَّمَآءِ	ثُمَّ	لۡيَـقۡطَعۡ	فَلۡيَنۡظُرۡ
تو چاہیے کہ وہ دراز کرے	ایک رسی	آسمان تک	پھر	چاہیے کہ وہ (اسے) کاٹ دے	پھر چاہیے کہ وہ دیکھے
تو چاہیے کہ وہ ایک رسی آسمان تک دراز کرے پھر اسے کاٹ دے					

هَلۡ يُذۡهِبَنَّ كَيۡدُهٗ مَا يَغِيۡظُ ﴿۱۵﴾ وَكَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنٰهُ

هَلۡ يُذۡهِبَنَّ	كَيۡدُهٗ	مَا يَغِيۡظُ ﴿۱۵﴾	وَكَذٰلِكَ	اَنۡزَلۡنٰهُ
کیا واقعی لے جاتی ہے	اس کی تدبیر	اس چیز کو جو اسے غصہ دلاتی ہے؟	اور اسی طرح	ہم نے اس (قرآن) کو نازل کیا
پھر دیکھے کہ کیا اس کی تدبیر اس چیز کو دور کر دیتی ہے جو اسے غصہ میں لاتی ہے!				

اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهۡدِىۡ مَنۡ يُّرِيۡدُ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ

اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۙ	وَّاَنَّ اللّٰهَ	يَهۡدِىۡ	مَنۡ يُّرِيۡدُ ﴿۱۶﴾	اِنَّ	الَّذِيۡنَ
واضح آیات (کی صورت میں)	اور یہ کہ بیشک اللہ	ہدایت دیتا ہے	جسے چاہتا ہے	بیشک	وہ لوگ جو
اور اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو واضح آیات (کی صورت میں) نازل کیا اور یہ کہ بیشک اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے					

اٰمَنُوۡا وَالَّذِيۡنَ هَادُوۡا وَالصّٰبِـــِٕيۡنَ وَالنَّصٰرٰى

اٰمَنُوۡا	وَالَّذِيۡنَ	هَادُوۡا	وَالصّٰبِـــِٕيۡنَ	وَالنَّصٰرٰى
ایمان لائے	اور وہ لوگ جو	یہودی ہوئے	اور بے دین (ستاروں اور فرشتوں کے پرستار)	اور نصاریٰ
بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور جو یہودی، مجوسی اور عیسائی ہیں				

وَالۡمَجُوۡسَ وَالَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفۡصِلُ

وَالۡمَجُوۡسَ	وَالَّذِيۡنَ	اَشۡرَكُوۡٓا ۖ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَفۡصِلُ
اور مجوسی	اور وہ لوگ جنہوں نے	(اللہ کے ساتھ) شرک کیا	بیشک	اللہ	فیصلہ کرے گا
اور جن لوگوں نے شرک کی روش اختیار کی ہے					

بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ﴿۱۷﴾

بَيۡنَهُمۡ	يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ	شَهِيۡدٌ ﴿۱۷﴾
ان کے درمیان	قیامت کے دن	بیشک	اللہ	ہر چیز پر	خوب گواہ ہے
بیشک اللہ قیامت کے دن ان کے درمیان فیصلہ کرے گا یقیناً اللہ ہر چیز پر گواہ ہے۔					

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسۡجُدُ لَهٗ

اَ	لَمۡ تَرَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يَسۡجُدُ	لَهٗ
کیا	آپ نے نہیں دیکھا	کہ بیشک	اللہ	سجدہ کرتا ہے	اسے
کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ کے سامنے سربسجود ہیں					

مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنۡ فِى الۡاَرۡضِ وَالشَّمۡسُ وَالۡقَمَرُ

مَنۡ	فِى السَّمٰوٰتِ	وَمَنۡ	فِى الۡاَرۡضِ	وَالشَّمۡسُ	وَالۡقَمَرُ
جو کوئی	آسمانوں میں ہے	اور جو کوئی	زمین میں ہے	اور سورج	اور چاند
جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور سورج، چاند،					

وَالنُّجُوۡمُ وَ الۡجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيۡرٌ مِّنَ النَّاسِ

وَالنُّجُوۡمُ	وَ الۡجِبَالُ	وَالشَّجَرُ	وَالدَّوَآبُّ	وَكَثِيۡرٌ مِّنَ النَّاسِ
اور ستارے	اور پہاڑ	اور درخت	اور چوپائے	اور بہت سے لوگوں میں سے (بھی؟)

ستارے، پہاڑ، درخت اور چوپائے اور لوگوں میں سے بھی بہت سارے؟

وَكَثِيۡرٌ حَقَّ عَلَيۡهِ الۡعَذَابُ وَمَنۡ يُّهِنِ

وَكَثِيۡرٌ	حَقَّ	عَلَيۡهِ	الۡعَذَابُ	وَمَنۡ	يُّهِنِ
اور بہت سے (ایسے ہیں کہ)	ثابت ہو گیا ہے	ان پر	عذاب	اور جس کو	ذلیل کرے

اور بہت سے (انسان) ایسے ہیں جو عذاب کے مستحق ہو جاتے ہیں اور جس کو اللہ ذلیل کرے

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنۡ مُّكۡرِمٍ اِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنۡ مُّكۡرِمٍ	اِنَّ	اللّٰهَ
اللہ	تو نہیں ہے	اسے	کوئی عزت دینے والا	بیشک	اللہ

تو اسے کوئی عزت دینے والا نہیں۔

يَفۡعَلُ مَا يَشَآءُ ۩ ۞ ۱۸ هٰذٰنِ خَصۡمٰنِ اخۡتَصَمُوۡا

يَفۡعَلُ	مَا	يَشَآءُ ۩ ۱۸	هٰذٰنِ	خَصۡمٰنِ	اخۡتَصَمُوۡا
کرتا ہے	جو	وہ چاہتا ہے	یہ دو (گروہ)	جھگڑنے والے ہیں	انہوں نے جھگڑا کیا

یقیناً اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ یہ دو گروہ ہیں جو اپنے رب کے بارے میں جھگڑنے والے ہیں

فِيْ رَبِّهِم فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ

فِيْ رَبِّهِم	فَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	قُطِّعَتْ	لَهُمْ	ثِيَابٌ
اپنے رب کے بارے میں	پھر وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	کاٹے جائینگے	ان کے لیے	کپڑے
پھر وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ان کے لیے آگ کے کپڑے کاٹے جائینگے					

مِّنْ نَّارٍ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۞١٩ يُصْهَرُ بِهٖ

مِّنْ نَّارٍ	يُصَبُّ	مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ	الْحَمِيْمُ ۞١٩	يُصْهَرُ	بِهٖ
آگ کے	انڈیلا جائے گا	ان کے سروں کے اوپر سے	کھولتا ہوا پانی	پگھلا دیا جائے گا	اس کے ساتھ
ان کے سروں کے اوپر سے کھولتا ہوا پانی انڈیلا جائے گا					

مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۞٢٠ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ۞٢١

مَا	فِيْ بُطُوْنِهِمْ	وَالْجُلُوْدُ ۞٢٠	وَلَهُمْ	مَّقَامِعُ	مِنْ حَدِيْدٍ ۞٢١
جو کچھ	ان کے پیٹوں میں ہو گا	اور کھالیں (بھی)	اور ان (کو مارنے) کے لیے	ہتھوڑے ہونگے	لوہے کے
اس سے جو کچھ ان کے پیٹوں کے اندر ہے پگھلا دیا جائے گا اور ان کی کھالیں بھی۔					

كُلَّمَا اَرَادُوْا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا

كُلَّمَا	اَرَادُوْا	اَنْ يَّخْرُجُوْا	مِنْهَا	مِنْ غَمٍّ	اُعِيْدُوْا
جب بھی	وہ ارادہ کرینگے	یہ کہ وہ نکلیں	اس (آگ) سے	یعنی غم سے	وہ لوٹا دیئے جائینگے
اور ان (کو مارنے) کے لیے لوہے کے ہتھوڑے ہونگے۔ جب بھی وہ چاہیں گے کہ اس میں سے غم کے مارے نکل جائیں					

فِيۡهَا وَذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡحَرِيۡقِ ۝۲۲ اِنَّ

اِنَّ	الۡحَرِيۡقِ ۝۲۲	عَذَابَ	ذُوۡقُوۡا	وَ	فِيۡهَا
بیشک	جلانے والا	عذاب	تم چکھو	اور (کہا جائے گا)	اس میں

تو انہیں اسی میں واپس لوٹا دیا جائے گا اور (ان سے کہا جائے گا کہ) چکھو اب اس جلانے والے عذاب کا مزہ۔

اللّٰهَ يُدۡخِلُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوا	اٰمَنُوۡا	الَّذِيۡنَ	يُدۡخِلُ	اللّٰهَ
نیک	اور انہوں عمل کیے	ایمان لائے	ان لوگوں کو جو	داخل کرے گا	اللہ

یقیناً اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نیک عمل کیے

جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ يُحَلَّوۡنَ فِيۡهَا

فِيۡهَا	يُحَلَّوۡنَ	الۡاَنۡهٰرُ	مِنۡ تَحۡتِهَا	تَجۡرِىۡ	جَنّٰتٍ
ان میں	انہیں پہنائے جائینگے	نہریں	ان کے نیچے	بہتی ہیں	ایسے باغات میں

ایسے باغات میں جن کے نیچے نہریں بہتیں ہیں

مِنۡ اَسَاوِرَ مِنۡ ذَهَبٍ وَّلُـؤۡلُـؤًا ؕ وَلِبَاسُهُمۡ فِيۡهَا حَرِيۡرٌ‏ ۝۲۳

حَرِيۡرٌ ۝۲۳	فِيۡهَا	وَلِبَاسُهُمۡ	وَّلُـؤۡلُـؤًا	مِنۡ ذَهَبٍ	مِنۡ اَسَاوِرَ
ریشم کا	ان میں	اور اُن کا لباس ہو گا	اور موتی بھی	سونے کے	کچھ کنگن

پہنائے جائینگے اس (جنت) میں انہیں سونے کے کنگن اور موتی، اور اس میں ان کا لباس ریشم کا ہو گا۔

وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۖ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ

وَهُدُوْٓا	اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۖ ۚ	وَهُدُوْٓا	اِلٰى صِرَاطِ
اور انہیں ہدایت دی گئی تھی (دنیا میں)	پاکیزہ بات (توحید) کی طرف	اور انہیں ہدایت دی گئی تھی	ایسے راستے کی طرف
اور انہیں دنیا میں پاکیزہ بات (توحید) کی طرف ہدایت دی گئی تھی اور انہیں ایسے راستے کی طرف ہدایت دی گئی تھی			

الْحَمِيْدِ ۲۴ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

الْحَمِيْدِ ۲۴	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَيَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
جو قابل تعریف ذات کا ہے	بیشک	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	اور روکتے ہیں	اللہ کے راستے سے
جو قابل تعریف ذات کا ہے۔ بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور وہ روکتے ہیں					

وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِىْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ اۨلْعَاكِفُ

وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	الَّذِىْ	جَعَلْنٰهُ	لِلنَّاسِ	سَوَآءَ	اۨلْعَاكِفُ
اور مسجد حرام سے	وہ جو	ہم نے اسے بنایا ہے	سب لوگوں کے لیے	برابر ہے	مقیم (رہائشی)
اللہ کے راستے سے اور مسجد حرام سے جس کو ہم نے سب لوگوں کے لیے برابر بنایا ہے					

فِيْهِ وَالْبَادِ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍ

فِيْهِ	وَالْبَادِ	وَمَنْ	يُّرِدْ	فِيْهِ	بِاِلْحَادٍ
اس میں	اور باہر سے آنے والا	اور جو شخص	ارادہ کرے	اس میں	کسی ٹیڑھے پن کا
خواہ اس میں مقیم ہوں یا باہر سے آنے والے۔ اور جو شخص اس میں ظلم کے ساتھ کسی ٹیڑھے پن کا ارادہ کرے					

بِظُلۡمٍ نُّذِقۡهُ مِنۡ عَذَابٍ اَ لِيۡمٍ ﴿۲۵﴾ وَاِذۡ بَوَّاۡنَا

بِظُلۡمٍ	نُّذِقۡهُ	مِنۡ عَذَابٍ	اَ لِيۡمٍ ﴿۲۵﴾	وَاِذۡ	بَوَّاۡنَا
ظلم سے	ہم اسے چکھائیں گے	عذاب	نہایت دردناک	اور(یاد کیجیے)جب	ہم نے مقرر کردی
ہم اسے نہایت دردناک عذاب چکھائیں گے۔					

لِاِبۡرٰهِيۡمَ مَكَانَ الۡبَيۡتِ اَنۡ لَّا تُشۡرِكۡ بِىۡ شَيۡـئًا

لِاِبۡرٰهِيۡمَ	مَكَانَ الۡبَيۡتِ	اَنۡ	لَّا تُشۡرِكۡ	بِىۡ	شَيۡـئًا
ابراہیم کے لیے	بیت اللہ کی جگہ	(اور اسے حکم دیا) یہ کہ	توشریک نہ ٹھہرا	میرے ساتھ	کسی چیز کو بھی
اور(یاد کیجیے)جب ہم نے ابراہیم کے لیے بیت اللہ کی جگہ مقرر کردی (اور ابرہیم کو حکم دیا) یہ کہ میرے ساتھ					

وَّطَهِّرۡ بَيۡتِىَ لِلطَّآئِفِيۡنَ وَالۡقَآئِمِيۡنَ وَ الرُّكَّعِ

وَّطَهِّرۡ	بَيۡتِىَ	لِلطَّآئِفِيۡنَ	وَالۡقَآئِمِيۡنَ	وَ الرُّكَّعِ
اور تو پاک کر	میرا گھر	طواف کرنے والوں کے لیے	اور قیام کرنے والوں	اور رکوع کرنے والوں
کسی چیز کو بھی شریک نہ کرنا اور میرے اس گھر کو طواف کرنے والوں کے لیے اور قیام کرنے والوں				

السُّجُوۡدِ ﴿۲۶﴾ وَاَذِّنۡ فِى النَّاسِ بِالۡحَجِّ يَاۡتُوۡكَ رِجَالًا

السُّجُوۡدِ ﴿۲۶﴾	وَاَذِّنۡ	فِى النَّاسِ	بِالۡحَجِّ	يَاۡتُوۡكَ	رِجَالًا
اور سجدہ کرنے والوں کے لیے	اور تو اعلان کردے	لوگوں میں	حج کا	وہ تیرے پاس آئینگے	پیدل
اور رکوع کرنے والوں اور سجدہ کرنے والوں کے لیے پاک رکھیئے۔اور آپ لوگوں میں حج کا اعلان کردیجیے					

وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاۡتِيۡنَ مِنۡ كُلِّ فَجٍّ عَمِيۡقٍ ۙ ﴿۲۷﴾ لِّيَشۡهَدُوۡا

لِّيَشۡهَدُوۡا	مِنۡ كُلِّ فَجٍّ عَمِيۡقٍ ۙ ﴿۲۷﴾	يَّاۡتِيۡنَ	وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ
تاکہ وہ حاضر ہوں	ہر دور دراز راستے سے	وہ (اونٹ) آئینگے	اور (سوار ہو کر) ہر دبلے پتلے اونٹ پر
آپؐ کے پاس لوگ پیدل بھی اور (سوار ہو کر) ہر دبلے پتلے اونٹ پر ہر دور دراز راستے سے آئیں گے۔			

مَنَافِعَ لَهُمۡ وَيَذۡكُرُوا اسۡمَ اللّٰهِ فِىۡۤ اَيَّامٍ مَّعۡلُوۡمٰتٍ عَلٰى مَا

عَلٰى مَا	فِىۡۤ اَيَّامٍ مَّعۡلُوۡمٰتٍ	اسۡمَ اللّٰهِ	وَيَذۡكُرُوا	مَنَافِعَ لَهُمۡ
ان پر جو	ان دنوں میں جو معلوم ہیں	اللہ کا نام	اور (تاکہ) وہ یاد کریں (ذبح کے وقت)	اپنے فائدوں کے لیے
تاکہ وہ اپنے فائدوں کے لیے حاضر ہوں اور ان مقررہ دنوں (10،11،12 ذوالحجہ) میں جانور ذبح کرتے وقت				

رَزَقَهُمۡ مِّنۡۢ بَهِيۡمَةِ الۡاَنۡعَامِ‌ۚ فَكُلُوۡا مِنۡهَا وَاَطۡعِمُوا الۡبَآٮِٕسَ

الۡبَآٮِٕسَ	وَاَطۡعِمُوا	مِنۡهَا	فَكُلُوۡا	مِّنۡۢ بَهِيۡمَةِ الۡاَنۡعَامِ‌ۚ	رَزَقَهُمۡ
تنگ دست	اور کھلاؤ	ان میں سے	پھر تم کھاؤ	چوپائے مویشیوں میں سے	اس (اللہ) نے ان کو دیئے ہیں
اللہ کا نام یاد کریں پھر تم ان میں سے کھاؤ اور تنگ دست فقیر کو کھلاؤ					

الۡفَقِيۡرَ ﴿۲۸﴾ ثُمَّ لۡيَـقۡضُوۡا تَفَثَهُمۡ وَلۡيُوۡفُوۡا نُذُوۡرَهُمۡ

نُذُوۡرَهُمۡ	وَلۡيُوۡفُوۡا	تَفَثَهُمۡ	لۡيَـقۡضُوۡا	ثُمَّ	الۡفَقِيۡرَ ﴿۲۸﴾
اپنی نذریں (منّتیں)	اور چاہیے کہ پوری کریں	اپنا میل کچیل	چاہیے کہ وہ دور کریں	پھر	فقیر کو
پھر چاہیے کہ وہ اپنا میل کچیل دور کریں اور اپنی نذریں (منّتیں) پوری کریں					

وَلۡيَطَّوَّفُوۡا بِالۡبَيۡتِ الۡعَتِيۡقِ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ وَمَنۡ يُّعَظِّمۡ حُرُمٰتِ اللّٰهِ

وَلۡيَطَّوَّفُوۡا	بِالۡبَيۡتِ الۡعَتِيۡقِ ﴿۲۹﴾	ذٰلِكَ	وَمَنۡ	يُّعَظِّمۡ	حُرُمٰتِ اللّٰهِ
اور چاہیے کہ وہ طواف کریں	اس قدیم گھر کا	(حکم) یہی ہے	اور جو شخص	تعظیم کرے	اللہ کی حرمتوں کی
اور چاہیے کہ وہ اس قدیم گھر کا طواف کریں۔(حکم) یہی ہے اور جو شخص اللہ کی حرمتوں کی تعظیم کرے					

فَهُوَ خَيۡرٌ لَّهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ وَاُحِلَّتۡ لَـكُمُ

فَهُوَ	خَيۡرٌ	لَّهٗ	عِنۡدَ رَبِّهٖ	وَاُحِلَّتۡ	لَـكُمُ
تو وہ	بہت بہتر ہے	اس کے لیے	اس کے رب کے نزدیک	اور حلال کیے گئے ہیں	تمھارے لیے
تو وہ اس کے لیے اس کے رب کے نزدیک بہت بہتر ہے					

الۡاَنۡعَامُ اِلَّا مَا يُتۡلٰى عَلَيۡكُمۡ فَاجۡتَنِبُوا الرِّجۡسَ مِنَ الۡاَوۡثَانِ

الۡاَنۡعَامُ	اِلَّا مَا	يُتۡلٰى	عَلَيۡكُمۡ	فَاجۡتَنِبُوا	الرِّجۡسَ مِنَ الۡاَوۡثَانِ
چوپائے	سوائے ان کے جو	پڑھے جاتے ہیں	تم پر	لہذا تم بچو	بتوں کی ناپاکی سے
اور تمھارے لیے چوپائے حلال کیے گئے ہیں سوائے اس کے جو تمھیں پڑھ کر سنا دیا گیا ہے۔					

وَاجۡتَنِبُوۡا قَوۡلَ الزُّوۡرِۙ ﴿۳۰﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيۡرَ مُشۡرِكِيۡنَ

وَاجۡتَنِبُوۡا	قَوۡلَ الزُّوۡرِۙ ﴿۳۰﴾	حُنَفَآءَ	لِلّٰهِ	غَيۡرَ مُشۡرِكِيۡنَ
اور تم بچو	جھوٹی بات سے	یکسو ہو کر	اللہ ہی کے لیے	اس حال میں کہ شریک ٹھہرانے والے نہ ہوں
اور تم جھوٹی بات سے بچو۔ یکسو ہو کر اللہ ہی کے لیے اس حال میں کہ اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والے نہ ہوں				

بِهٖ وَمَنۡ يُّشۡرِكۡ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ

بِهٖ	وَمَنۡ	يُّشۡرِكۡ	بِاللّٰهِ	فَكَاَنَّمَا	خَرَّ
اس کے ساتھ	اور جو کوئی	شرک کرے	اللہ کے ساتھ	تو گویا کہ	وہ گرا

اور جو کوئی اللہ کے ساتھ شرک کرے تو گویا کہ وہ آسمان سے گرا

مِنَ السَّمَآءِ فَتَخۡطَفُهُ الطَّيۡرُ اَوۡ تَهۡوِىۡ بِهِ

مِنَ السَّمَآءِ	فَتَخۡطَفُهُ	الطَّيۡرُ	اَوۡ	تَهۡوِىۡ	بِهِ
آسمان سے	پھر اُسے اُچک لے جائیں	پرندے	یا	(لے جاکر) گرادے	اسے

پھر اُسے پرندے اُچک لے جائیں یا ہوا اسے کسی دور دراز گہری جگہ میں (لے جاکر) گرادے۔

الرِّيۡحُ فِىۡ مَكَانٍ سَحِيۡقٍ ﴿۳۱﴾ ذٰلِكَ وَمَنۡ يُّعَظِّمۡ شَعَآٮِٕرَ اللّٰهِ

الرِّيۡحُ	فِىۡ مَكَانٍ سَحِيۡقٍ ﴿۳۱﴾	ذٰلِكَ	وَمَنۡ	يُّعَظِّمۡ	شَعَآٮِٕرَ اللّٰهِ
ہوا	کسی دور دراز گہری جگہ میں	(بات) یہی ہے	اور جو شخص	تعظیم کرے	اللہ کی (عظمت کی) نشانیوں کی

(بات) یہی ہے اور جو شخص اللہ کی (عظمت کی) نشانیوں کی تعظیم کرے

فَاِنَّهَا مِنۡ تَقۡوَى الۡقُلُوۡبِ ﴿۳۲﴾ لَـكُمۡ فِيۡهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى

فَاِنَّهَا	مِنۡ تَقۡوَى الۡقُلُوۡبِ ﴿۳۲﴾	لَـكُمۡ	فِيۡهَا	مَنَافِعُ	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى
تو بیشک یہ	دلوں کی پرہیز گاری سے ہے	تمھارے لیے	ان (چوپاؤں) میں	فائدے ہیں	ایک مقررہ وقت تک

تو بیشک یہ دلوں کے تقوی کی بات ہے۔ تمھارے لیے ان (چوپاؤں) میں ایک مقررہ وقت تک فائدے ہیں

ثُمَّ مَحِلُّهَا اِلَى الۡبَيۡتِ الۡعَتِيۡقِ ۝٣٣ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ

ثُمَّ	مَحِلُّهَا	اِلَى الۡبَيۡتِ الۡعَتِيۡقِ ۝٣٣	وَلِكُلِّ اُمَّةٍ
پھر	ان کے حلال (ذبح) ہونے کی جگہ	اس قدیم گھر (بیت اللہ) کی طرف ہے	اور ہر امت کے لیے
پھر ان کے حلال (ذبح) ہونے کی جگہ خانہ کعبہ ہے۔			

جَعَلۡنَا مَنۡسَكًا لِّيَذۡكُرُوا اسۡمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمۡ

جَعَلۡنَا	مَنۡسَكًا	لِّيَذۡكُرُوا	اسۡمَ اللّٰهِ	عَلٰى مَا	رَزَقَهُمۡ
ہم نے مقرر کی	قربانی	تاکہ وہ یاد کریں (ذبح کے وقت)	اللہ کا نام	ان پر جو	اس (اللہ) نے انہیں دیئے
اور ہر امت کے لیے ہم نے قربانی کے طریقے مقرر کئے ہیں کہ وہ اللہ کا نام لیا کریں (ان کے ذبح کے وقت)					

مِّنۡۢ بَهِيۡمَةِ الۡاَنۡعَامِ فَاِلٰهُكُمۡ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسۡلِمُوۡا

مِّنۡۢ بَهِيۡمَةِ الۡاَنۡعَامِ	فَاِلٰهُكُمۡ	اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ	فَلَهٗ	اَسۡلِمُوۡا
چوپائے مویشیوں میں سے	پس تمھارا معبود	ایک ہی معبود ہے	لہذا اسی کے لیے	تم فرمانبدار ہو جاؤ
ان چوپائے مویشیوں پر جو اس نے انہیں عطا کیے ہیں پس تمھارا معبود ایک ہی معبود ہے				

وَبَشِّرِ الۡمُخۡبِتِيۡنَ ۙ ۝٣٤ الَّذِيۡنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتۡ

وَبَشِّرِ	الۡمُخۡبِتِيۡنَ ۙ ۝٣٤	الَّذِيۡنَ	اِذَا	ذُكِرَ اللّٰهُ	وَجِلَتۡ
اور خوشخبری سنا دیجیے	عاجزی کرنے والوں کو	وہ لوگ کہ	جب	اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے	توڈر جاتے ہیں
لہذا اسی کے لیے تم فرمانبدار ہو جاؤ اور عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیجیے۔					

قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَا اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِى الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا

وَمِمَّا	وَالْمُقِيْمِى الصَّلٰوةِ ۙ	اَصَابَهُمْ	عَلٰى مَا	وَالصّٰبِرِيْنَ	قُلُوْبُهُمْ
اور اس میں سے جو	اور نماز قائم کرنے والوں کو	انہیں پہنچی	اس (تکلیف) پر جو	اور صبر کرنے والوں کو	اُن کے دل

وہ لوگ کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن کے دل ڈر جاتے ہیں اور جو بھی تکلیف پہنچے اس پر صبر کرنے والے

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝۳۵ وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَـكُمْ

لَـكُمْ	جَعَلْنٰهَا	وَالْبُدْنَ	يُنْفِقُوْنَ ۝۳۵	رَزَقْنٰهُمْ
تمھارے لیے	ہم نے انہیں بنایا ہے	اور قربانی کے اونٹ	وہ خرچ کرتے ہیں	ہم نے انہیں رزق دیا

اور نماز قائم کرنے والے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں

مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَـكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا

عَلَيْهَا	فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ	خَيْرٌ ۖ	فِيْهَا	لَـكُمْ	مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ
ان پر	لہذا تم یاد کرو اللہ کا نام	بہت بہتر ہے	ان میں	تمھارے لیے	اللہ کی عظمت کی نشانیوں میں سے

اور قربانی کے اونٹوں کو ہم نے تمھارے لیے شعائر اللہ میں سے بنایا ہے تمھارے لیے ان میں بھلائی ہے

صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا

مِنْهَا	فَكُلُوْا	جُنُوْبُهَا	وَجَبَتْ	فَاِذَا	صَوَآفَّ ۚ
ان میں سے	تو تم کھاؤ	ان کے پہلو	گر جائیں (زمین پر)	پھر جب	اس طرح کہ گھٹنے بند کھڑے ہوں

(کہ ان کا گوشت تم خود بھی کھاتے ہو اور غرباء کو بھی کھلاتے ہو) تو تم ان پر اللہ کا نام لو انہیں صفوں میں کھڑا کرکے۔

وَاَطۡعِمُوا الۡقَانِعَ وَالۡمُعۡتَـرَّ كَذٰلِكَ سَخَّرۡنٰهَا

وَاَطۡعِمُوا	الۡقَانِعَ	وَالۡمُعۡتَـرَّ	كَذٰلِكَ	سَخَّرۡنٰهَا
اور کھلاؤ	قناعت کرنے والے (محتاج) کو	اور مانگنے والے (محتاج) کو	اسی طرح	ہم نے ان (چوپایوں) کو تابع کر دیا

پھر جب ان کے پہلو زمین پر گر جائیں تو تم ان میں سے کھاؤ اور قناعت کرنے والے (محتاج) کو اور مانگنے والے (محتاج) کو کھلاؤ

لَـكُمۡ لَعَلَّـكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ۝٣٦ لَنۡ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُـوۡمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا

لَـكُمۡ	لَعَلَّـكُمۡ	تَشۡكُرُوۡنَ ۝٣٦	لَنۡ يَّنَالَ اللّٰهَ	لُحُـوۡمُهَا	وَلَا دِمَآؤُهَا
تمھارے لیے	تاکہ تم	شکر کرو	اللہ کو ہر گز نہیں پہنچتے	ان کے گوشت	اور نہ ان کے خون

اسی طرح ہم نے ان (چوپایوں) کو تمھارے تابع کر دیا تاکہ تم شکر کرو۔ اللہ کو ہر گز نہیں پہنچتے ان کے گوشت

وَلٰـكِنۡ يَّنَالُهُ التَّقۡوٰى مِنۡكُمۡ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا

وَلٰـكِنۡ	يَّنَالُهُ	التَّقۡوٰى	مِنۡكُمۡ	كَذٰلِكَ	سَخَّرَهَا
اور لیکن	اسے پہنچتا ہے	تقویٰ	تمھارا	اسی طرح	اس (اللہ) نے ان (چوپاؤں) کو تابع کر دیا ہے

اور نہ ان کے خون لیکن اللہ تک پہنچتا ہے تمھارا تقویٰ اسی طرح اللہ نے ان چوپاؤں کو تمھارے تابع کر دیا ہے

لَـكُمۡ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰٮكُمۡ وَبَشِّرِ

لَـكُمۡ	لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ	عَلٰى مَا	هَدٰٮكُمۡ	وَبَشِّرِ
تمھارے	تاکہ تم اللہ کی بڑائی بیان کرو	اس پر کہ	اس نے تمھیں ہدایت دی	اور خوشخبری سنا دیجیے

تاکہ تم اللہ کی بڑائی بیان کرو اُس ہدایت پر جو اس نے تمھیں بخشی ہے۔

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٣٧﴾	اِنَّ	اللّٰهَ	يُدٰفِعُ	عَنِ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
نیکی کرنے والوں کو	بیشک	اللہ	(دشمنوں) کو دور کرتا ہے	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے

اور نیکی کرنے والوں کو خوشخبری سنادیجیے۔یقیناً اللہ مدافعت کرے گا اہل ایمان کی طرف سے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿٣٨﴾ اُذِنَ

اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ خَوَّانٍ	كَفُوْرٍ ﴿٣٨﴾	اُذِنَ
بیشک	اللہ	پسند نہیں کرتا	ہر خیانت کرنے والے	اور ناشکرے کو	(جہاد کی) اجازت دی گئی ہے

بیشک اللہ ہر خیانت کرنے والے اور ناشکرے کو پسند نہیں کرتا۔

لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا وَاِنَّ اللّٰهَ

لِلَّذِيْنَ	يُقٰتَلُوْنَ	بِاَنَّهُمْ	ظُلِمُوْا	وَاِنَّ	اللّٰهَ
ان لوگوں کو جن سے	لڑائی کی جاتی ہے	اس لیے کہ بیشک وہ	مظلوم ہیں	اور بیشک	اللہ

جن (مسلمانوں) سے (کافر) جنگ کر رہے ہیں انہیں بھی مقابلے کی اجازت دی جاتی ہے کیونکہ وہ مظلوم ہیں

عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۙ ﴿٣٩﴾ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ

عَلٰى نَصْرِهِمْ	لَقَدِيْرُ ۙ ﴿٣٩﴾	لَّذِيْنَ	اُخْرِجُوْا	مِنْ دِيَارِهِمْ	بِغَيْرِ حَقٍّ
ان کی مدد کرنے پر	یقیناً خوب قادر ہے	وہ لوگ جو	نکالے گئے	اپنے گھروں سے	ناحق

بیشک ان کی مدد پر اللہ قادر ہے۔ وہ لوگ جو ناحق اپنے گھروں سے نکالے گئے

اِلَّااَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ وَلَوْلَا دَ فْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ

اِلَّا	اَنْ يَّقُوْلُوْا	رَبُّنَا اللّٰهُ	وَلَوْلَا دَ فْعُ اللّٰهِ	النَّاسَ	بَعْضَهُمْ
صرف	ان کے یہ کہنے پر	ہمارارب اللہ ہے	اور اگر اللہ کا دور کرنا نہ ہوتا	لوگوں کو	(یعنی) ان کے بعض کو
صرف ان کے یہ کہنے پر کہ ہمارارب اللہ ہے اور اگر اللہ بعض لوگوں کو بعض دوسرے لوگوں کے ذریعے دور نہ کرتا رہتا					

بِبَـعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلٰوتٌ

بِبَـعْضٍ	لَّهُدِّمَتْ	صَوَامِعُ	وَبِيَعٌ	وَّصَلٰوتٌ
بعض کے ذریعے سے	تو یقیناً ڈھادیئے جاتے	راہبوں کی خانقاہیں	اور گرجے	اور یہودیوں کے عبادت خانے
توراہبوں کے عبادت خانے اور گرجے اور یہودیوں کے عبادت خانے اور مسجدیں یقیناً ڈھادیئے جاتے				

وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ

وَّمَسٰجِدُ	يُذْكَرُ	فِيْهَا	اسْمُ اللّٰهِ	كَثِيْرًا	وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ
اور مسجدیں	کہ ذکر کیا جاتا ہے	ان میں	اللہ کا نام	بہت زیادہ	اور یقیناً اللہ ضرور مدد کرے گا
جن میں کثرت سے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے اور یقیناً اللہ ضرور مدد کرے گا					

مَنْ يَّنْصُرُهُ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِىٌّ عَزِيْزٌ ﴿٤٠﴾

مَنْ	يَّنْصُرُهُ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَقَوِىٌّ	عَزِيْزٌ ﴿٤٠﴾
اس کی جو	اس (کے دین) کی مدد کرے گا	بیشک	اللہ	یقیناً بہت قوت والا ہے	خوب غالب ہے
اس کی جو اس کے دین کی مدد کرے گا بیشک اللہ بہت قوت والا خوب غالب ہے۔					

اَ لَّذِيۡنَ اِنۡ مَّكَّنّٰهُمۡ فِى الۡاَرۡضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ

اَ لَّذِيۡنَ	اِنۡ	مَّكَّنّٰهُمۡ	فِى الۡاَرۡضِ	اَقَامُوا	الصَّلٰوةَ
وہ لوگ کہ	اگر	ہم انہیں اقتدار دیں	زمین میں	تو وہ قائم کریں	نماز
وہ لوگ کہ اگر ہم انہیں زمین میں اقتدار دیں تو وہ نماز قائم کریں					

وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوۡا بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَنَهَوۡا عَنِ الۡمُنۡكَرِ

وَاٰتَوُا	الزَّكٰوةَ	وَاَمَرُوۡا	بِالۡمَعۡرُوۡفِ	وَنَهَوۡا	عَنِ الۡمُنۡكَرِ
اور ادا کریں	زکاۃ	اور وہ حکم دیں	اچھے نیک کاموں کا	اور روکیں	برے کاموں سے
اور زکاۃ ادا کریں اور وہ اچھے نیک کاموں کا حکم دیں اور برے کاموں سے روکیں					

وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الۡاُمُوۡرِ ﴿۴۱﴾ وَاِنۡ يُّكَذِّبُوۡكَ فَقَدۡ كَذَّبَتۡ

وَلِلّٰهِ	عَاقِبَةُ الۡاُمُوۡرِ ﴿۴۱﴾	وَاِنۡ	يُّكَذِّبُوۡكَ	فَقَدۡ	كَذَّبَتۡ
اور اللہ ہی کے اختیار میں ہے	تمام امور (معاملات) کا انجام	اور اگر	وہ آپؐ کو جھٹلائیں	تو یقیناً	جھٹلایا ہے
اور تمام امور (معاملات) کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔ اور (اے نبی ﷺ) اگر یہ لوگ آپؐ کو جھٹلا رہے ہیں					

قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوۡدُ ۙ ﴿۴۲﴾ وَقَوۡمُ اِبۡرٰهِيۡمَ وَقَوۡمُ لُوۡطٍ ۙ ﴿۴۳﴾ وَّاَصۡحٰبُ مَدۡيَنَ

قَبۡلَهُمۡ	قَوۡمُ نُوۡحٍ	وَّعَادٌ وَّثَمُوۡدُ ۙ ﴿۴۲﴾	وَقَوۡمُ اِبۡرٰهِيۡمَ	وَقَوۡمُ لُوۡطٍ ۙ ﴿۴۳﴾	وَّاَصۡحٰبُ مَدۡيَنَ ۚ
ان سے پہلے	قوم نوحؑ نے	اور عاد اور ثمود نے	اور قوم ابراہیم نے	اور قوم لوط نے	اور اہل مدین نے (بھی)
تو ان سے پہلے قوم نوحؑ قوم عاد اور قوم ثمود کے لوگ بھی (رسولوں کو) جھٹلا چکے ہیں اور ابراہیمؑ کی قوم اور لوطؑ کی قوم بھی					

وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ

وَكُذِّبَ	مُوْسٰى	فَاَمْلَيْتُ	لِلْكٰفِرِيْنَ	ثُمَّ	اَخَذْتُهُمْ
اور جھٹلایا گیا	موسیٰ کو	پس میں نے مہلت دی	کافروں کو	پھر	میں نے ان کو پکڑ لیا
(رسولوں کی تکذیب کر چکی ہے)۔اور مدین کے لوگ بھی (اپنے پیغمبر کو جھٹلا چکے ہیں) اور موسیٰ کی بھی تکذیب ہو چکی ہے					

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا

فَكَيْفَ	كَانَ	نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾	فَكَاَيِّنْ مِّنْ	قَرْيَةٍ	اَهْلَكْنٰهَا
تو کیسا	تھا	میرا عذاب؟	پھر کتنی ہی	بستیاں ہیں	کہ ہم نے انہیں ہلاک کر دیا
پس میں نے ان کافروں کو مہلت دی پھر میں نے ان کو پکڑ لیا تو کیسا تھا میرا عذاب؟اور کتنی ہی بستیاں تھیں					

وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا

وَ	هِيَ	ظَالِمَةٌ	فَهِيَ	خَاوِيَةٌ	عَلٰى عُرُوْشِهَا
اس حال میں کہ	وہ	ظالم تھیں	چنانچہ وہ	گری پڑی ہیں	اپنی چھتوں پر
جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا تھا اور وہ ظالم تھیں چنانچہ وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں					

وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

وَبِئْرٍ	مُّعَطَّلَةٍ	وَّقَصْرٍ	مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾	اَ	فَلَمْ يَسِيْرُوْا
اور (کتنے ہی) کنویں ہیں	ناکارہ پڑے ہوئے	اور (کتنے ہی) محل ہیں	مضبوط (ویران)	کیا	پھر وہ چلے پھرے نہیں
اور کتنے ہی کنویں ناکارہ پڑے ہوئے ہیں اور کتنے ہی مضبوط بنائے ہوئے محل بھی ویران پڑے ہیں۔					

فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَا

فِي الْاَرْضِ	فَتَكُوْنَ	لَهُمْ	قُلُوْبٌ	يَّعْقِلُوْنَ	بِهَا
زمین میں	کہ ہوتے	ان کے لیے	دل	کہ وہ سمجھتے	ان کے ساتھ
تو کیا یہ لوگ زمین میں گھومے پھرے نہیں ہیں کہ ان کے دل ان باتوں کو سمجھنے والے ہوتے					

اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ

اَوْ	اٰذَانٌ	يَّسْمَعُوْنَ	بِهَا ۚ	فَاِنَّهَا	لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ
یا	(ہوتے ان کے) کان	کہ وہ سنتے	ان کے ساتھ ؟	پس بلاشبہ قصہ یہ ہے کہ	اندھی نہیں ہوتیں آنکھیں
یا کانوں ہی سے ان واقعات کو سن لیتے پس بلاشبہ قصہ یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں					

وَلٰـكِنْ تَعْمَى الْـقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿٤٦﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ

وَلٰـكِنْ	تَعْمَى	الْـقُلُوْبُ	الَّتِيْ	فِي الصُّدُوْرِ ﴿٤٦﴾	وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ
اور لیکن	اندھے ہوتے ہیں	دل	وہ جو	سینوں میں ہیں	اور وہ (لوگ) آپ سے جلدی طلب کرتے ہیں
بلکہ وہ دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں میں ہیں۔ اور (اے نبی ﷺ) یہ لوگ عذاب کے بارے میں آپؐ سے					

بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ

بِالْعَذَابِ	وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ	وَعْدَهٗ	وَاِنَّ	يَوْمًا	عِنْدَ رَبِّكَ
عذاب کو	اور اللہ ہر گز خلاف نہیں کرے گا	اپنے وعدے کا	اور بیشک	ایک دن	آپ کے رب کے نزدیک
جلدی مچا رہے ہیں اور اللہ اپنے وعدے کی ہر گز خلاف ورزی نہیں کرے گا اور یقیناً ایک دن آپؐ کے رب کے نزدیک					

كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿٤٧﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ

اَمْلَيْتُ	قَرْيَةٍ	وَكَاَيِّنْ مِّنْ	تَعُدُّوْنَ ﴿٤٧﴾	مِّمَّا	كَاَلْفِ سَنَةٍ
کہ میں نے مہلت دی	بستیاں ہیں	اور کتنی ہی	تم گنتے ہو	ان (دنوں) سے جو	ایک ہزار سال کی طرح ہے
ایک ہزار سال کی طرح ہے اُس حساب سے جو گنتی تم کرتے ہو۔ اور کتنی ہی بستیاں ہیں					

لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ

اَخَذْتُهَا ۚ	ثُمَّ	ظَالِمَةٌ	هِيَ	وَ	لَهَا
میں نے ان کو پکڑ لیا	پھر	ظالم تھیں	وہ	جبکہ	ان کو
کہ میں نے ان کو مہلت دی جبکہ وہ ظالم تھیں پھر میں نے ان کو پکڑ لیا					

وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿٤٨﴾ قُلْ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا

اِنَّمَآ اَنَا	النَّاسُ	يٰاَيُّهَا	قُلْ	الْمَصِيْرُ ﴿٤٨﴾	وَاِلَيَّ
میں تو بس	لوگوں	اے	کہہ دیجیے	واپسی ہے	اور میری ہی طرف (سب کی)
اور میری ہی طرف سب کی واپسی ہے۔(اے نبی ﷺ) آپؐ اعلان کر دیجیے					

لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٤٩﴾ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا

وَ عَمِلُوا	اٰمَنُوْا	فَالَّذِيْنَ	مُّبِيْنٌ ﴿٤٩﴾	نَذِيْرٌ	لَكُمْ
اور انہوں نے عمل کیے	ایمان لائے	چنانچہ وہ لوگ جو	کھلم کھلا	ڈرانے والا ہوں	تمھارے لیے
کہ میں تو تمھارے لیے بس ایک واضح طور پر خبر دار کرنے والا ہوں۔ تو جو لوگ ایمان لائے					

الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا

الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝	وَالَّذِيْنَ	سَعَوْا
نیک	ان کے لیے	عظیم مغفرت	اور عزت والی روزی ہے	اور وہ لوگ جنہوں نے	کوشش کی
اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے عظیم مغفرت اور عزت والی روزی ہے۔					

فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝

فِيْٓ اٰيٰتِنَا	مُعٰجِزِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝
ہماری آیتوں (کے جھٹلانے) میں	(اپنے خیال میں ہمیں) عاجز کرنے کے لیے	وہی لوگ ہیں	جہنمی
اور جو لوگ ہماری آیات کو نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں وہی ہیں جو جہنم والے ہیں۔			

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا

وَمَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	مِنْ رَّسُوْلٍ	وَّلَا نَبِيٍّ	اِلَّآ	اِذَا
اور ہم نے نہیں بھیجا	آپؐ سے پہلے	کوئی رسول	اور نہ کوئی نبی	مگر	جب
اور ہم نے آپ ﷺ سے پہلے کوئی رسول اور نبی نہیں بھیجا					

تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ

تَمَنّٰٓى	اَلْقَى	الشَّيْطٰنُ	فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ	فَيَنْسَخُ	اللّٰهُ
وہ تلاوت کرتا ہے	تو ڈال دیتا	شیطان	اس کی تلاوت میں (کچھ اپنی طرف سے)	پھر مٹا (زائل کر) دیتا	اللہ
مگر جب وہ تلاوت کرتا ہے تو شیطان اُس کی تلاوت میں اپنی طرف سے کچھ ڈال دیتا ہے					

مَا يُلۡقِى الشَّيۡطٰنُ ثُمَّ يُحۡكِمُ اللّٰهُ

مَا	يُلۡقِى	الشَّيۡطٰنُ	ثُمَّ	يُحۡكِمُ	اللّٰهُ
اس (وسوسے) کو جو	ڈالتا	شیطان	پھر	پختہ کر دیتا (ثابت رکھتا)	اللہ
پھر اللہ اس وسوسے کو مٹا دیتا ہے جو شیطان ڈالتا ہے پھر اللہ اپنی آیات پختہ کر دیتا ہے					

اٰيٰتِهٖ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ۙ‏ ﴿۵۲﴾ لِّيَجۡعَلَ مَا

اٰيٰتِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيۡمٌ	حَكِيۡمٌ ۙ‏ ﴿۵۲﴾	لِّيَجۡعَلَ	مَا
اپنی آیات	اور اللہ	خوب جاننے والا	بڑا حکمت والا ہے	تا کہ وہ (اللہ) بنا دے	اس کو جو
اور اللہ خوب جاننے والا بڑا حکمت والا ہے۔					

يُلۡقِى الشَّيۡطٰنُ فِتۡنَةً لِّـلَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ

يُلۡقِى	الشَّيۡطٰنُ	فِتۡنَةً	لِّـلَّذِيۡنَ	فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ	مَّرَضٌ
ڈالتا ہے	شیطان	آزمائش	ان لوگوں کے لیے	جن کے دلوں میں	روگ ہے
یہ اس لیے کہ شیطانی ملاوٹ کو اللہ ان لوگوں کی آزمائش کا ذریعہ بنا دے جن کے دلوں میں روگ ہے					

وَّالۡقَاسِيَةِ قُلُوۡبُهُمۡ ؕ وَ اِنَّ الظّٰلِمِيۡنَ لَفِىۡ شِقَاقٍۢ بَعِيۡدٍ ۙ‏ ﴿۵۳﴾

وَّالۡقَاسِيَةِ	قُلُوۡبُهُمۡ ؕ	وَ اِنَّ	الظّٰلِمِيۡنَ	لَفِىۡ شِقَاقٍۢ بَعِيۡدٍ ۙ‏ ﴿۵۳﴾
اور (ان کے لیے کہ) سخت ہیں	ان کے دل	اور بیشک	ظالم تو (پڑے ہوئے) ہیں	یقیناً بہت دور کی مخالفت میں
اور جن کے دل سخت ہیں اور بیشک ظالم تو یقیناً بہت دور کی مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں۔				

وَّلِيَـعۡلَمَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ اَنَّهُ الۡحَـقُّ

وَّلِيَـعۡلَمَ	الَّذِيۡنَ	اُوۡتُوا	الۡعِلۡمَ	اَنَّهُ	الۡحَـقُّ
اور تاکہ وہ جان لیں	وہ لوگ جنہیں	دیا گیا	علم	کہ بیشک یہ (قرآن)	حق ہے
اور تاکہ جان لیں وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا کہ بیشک یہ (قرآن) حق ہے					

مِنۡ رَّبِّكَ فَيُؤۡمِنُوۡا بِهٖ فَـتُخۡبِتَ لَهٗ قُلُوۡبُهُمۡ

مِنۡ رَّبِّكَ	فَيُؤۡمِنُوۡا	بِهٖ	فَـتُخۡبِتَ	لَهٗ	قُلُوۡبُهُمۡ
آپؐ کے رب کی طرف سے	لہذا وہ ایمان لے آئیں	اس پر	پھر جھک جائیں	اس کے لیے	ان کے دل
آپؐ کے رب کی طرف سے لہذا وہ اس پر ایمان لے آئیں پھر اس کے لیے ان کے دل جھک جائیں					

وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ۝٥٤

وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَهَادِ	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡۤا	اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ۝٥٤
اور بیشک	اللہ	یقیناً ہدایت دینے والا ہے	ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	سیدھے راستے کی طرف
یقیناً اللہ ایمان والوں کو سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرنے والا ہے۔					

وَلَا يَزَالُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا فِىۡ مِرۡيَةٍ مِّنۡهُ حَتّٰى

وَلَا يَزَالُ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	فِىۡ مِرۡيَةٍ	مِّنۡهُ	حَتّٰى
اور ہمیشہ رہینگے	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	شک میں	اس (قرآن) سے	یہاں تک
اور کافر تو اس قرآن کے بارے میں ہمیشہ شک وشبہ میں رہینگے					

تَأۡتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغۡتَةً اَوۡ يَاۡتِيَهُمۡ عَذَابُ

عَذَابُ	يَاۡتِيَهُمۡ	اَوۡ	بَغۡتَةً	السَّاعَةُ	تَأۡتِيَهُمُ
عذاب	ان پر آجائے	یا	اچانک	قیامت	ان کے پاس آجائے
یہاں تک کہ یا تو ان کے پاس اچانک قیامت آجائے یا ایک بانجھ دن کا عذاب ان پر مسلط ہو جائے۔					

يَوۡمٍ عَقِيۡمٍ ۝٥٥ اَلۡمُلۡكُ يَوۡمَئِذٍ لِّـلّٰـهِ يَحۡكُمُ بَيۡنَهُمۡ

بَيۡنَهُمۡ	يَحۡكُمُ	لِّـلّٰـهِ	يَوۡمَئِذٍ	اَلۡمُلۡكُ	يَوۡمٍ عَقِيۡمٍ ۝٥٥
ان کے درمیان	وہ فیصلہ کرے گا	اللہ ہی کی ہوگی	اس دن	تمام بادشاہی	بانجھ (بے برکت) دن کا
اس دن تمام بادشاہی اللہ ہی کی ہوگی وہی ان کے درمیان فیصلہ کرے گا۔					

فَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِىۡ جَنّٰتِ النَّعِيۡمِ ۝٥٦

فِىۡ جَنّٰتِ النَّعِيۡمِ ۝٥٦	الصّٰلِحٰتِ	وَ عَمِلُوا	اٰمَنُوۡا	فَالَّذِيۡنَ
وہ نعمتوں کے باغات میں ہونگے	نیک	اور انہوں نے عمل کیے	ایمان لائے	پھر وہ لوگ جو
پھر وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے وہ نعمتوں کے باغات میں ہونگے۔				

وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَكَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓـئِكَ لَهُمۡ

لَهُمۡ	فَاُولٰٓـئِكَ	بِاٰيٰتِنَا	وَكَذَّبُوۡا	كَفَرُوۡا	وَالَّذِيۡنَ
ان کے لیے ہوگا	تو یہ لوگ	ہماری آیتوں کو	اور جھٹلایا	کفر کیا	اور وہ لوگ جنہوں نے
اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا					

عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٥٧﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ

عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ ﴿٥٧﴾	وَالَّذِيْنَ	هَاجَرُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	ثُمَّ
عذاب	ذلیل کرنے والا	اور وہ لوگ جنہوں نے	ہجرت کی	اللہ کے راستے میں	پھر
ان کے لیے رسواکن عذاب ہو گا۔ اور وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے راستے میں ہجرت کی					

قُتِلُوْا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا

قُتِلُوْا	اَوْ	مَاتُوْا	لَيَرْزُقَنَّهُمُ	اللّٰهُ	رِزْقًا حَسَنًا
وہ قتل (شہید) کیے گئے	یا	وہ مر گئے	یقیناً انہیں ضرور رزق دے گا	اللہ	بہت اچھا رزق
پھر وہ قتل ہو گئے یا فوت ہو گئے (دونوں صورتوں میں) اللہ ان کو لازماً رزق حسنہ عطا فرمائے گا					

وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿٥٨﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ

وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَهُوَ	خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿٥٨﴾	لَيُدْخِلَنَّهُمْ
بیشک	اللہ	یقیناً وہی	سب رزق دینے والوں سے بہتر ہے	یقیناً وہ انہیں ضرور داخل کرے گا
اور یقیناً اللہ ہی بہترین رزق دینے والا ہے۔ وہ یقیناً ان کو ایسے مقام میں داخل کرے گا				

مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿٥٩﴾

مُّدْخَلًا	يَّرْضَوْنَهٗ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَعَلِيْمٌ	حَلِيْمٌ ﴿٥٩﴾
اس جگہ کہ	وہ اسے پسند کرینگے	اور بیشک	اللہ	یقیناً خوب جاننے والا	نہایت بردبار ہے
جس سے وہ راضی ہو جائینگے اور یقیناً اللہ خوب جاننے والا نہایت بردبار ہے۔					

ذٰ لِكَ ۚ وَمَنۡ عَاقَبَ بِمِثۡلِ مَا عُوۡقِبَ

ذٰ لِكَ ۚ	وَمَنۡ	عَاقَبَ	بِمِثۡلِ	مَا	عُوۡقِبَ
(بات) یہی ہے	اور جو شخص	بدلہ لے	برابر	اس کے جو	زیادتی کی گئی

(بات) یہی ہے اور جو شخص بدلہ لے اس قدر جس قدر اس پر زیادتی کی گئی

بِهٖ ثُمَّ بُغِىَ عَلَيۡهِ لَيَنۡصُرَنَّهُ اللّٰهُ اِنَّ

بِهٖ	ثُمَّ	بُغِىَ	عَلَيۡهِ	لَيَنۡصُرَنَّهُ اللّٰهُ	اِنَّ
اس پر	بھی	ظلم کیا جائے	اس پر	تو اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا	بیشک

پھر اس پر مزید زیادتی کی جائے تو اللہ لازماً اُس کی مدد کرے گا۔

اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوۡرٌ ۝٦٠ ذٰ لِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	لَعَفُوٌّ	غَفُوۡرٌ ۝٦٠	ذٰ لِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ
اللہ	یقیناً نہایت معاف کرنے والا	بہت بخشنے والا ہے	یہ	اس لیے کہ بیشک	اللہ

یقیناً اللہ معاف کرنے والا بہت بخشنے والا ہے۔

يُوۡلِجُ الَّيۡلَ فِى النَّهَارِ وَيُوۡلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيۡلِ

يُوۡلِجُ	الَّيۡلَ	فِى النَّهَارِ	وَيُوۡلِجُ	لنَّهَارَ	فِى الَّيۡلِ
داخل کرتا ہے	رات کو	دن میں	اور داخل کرتا ہے	دن کو	رات میں

یہ اس لیے کہ بیشک اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے

وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾ ذٰ لِكَ بِاَنَّ

بِاَنَّ	ذٰ لِكَ	بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾	سَمِيْعٌ	اللّٰهَ	وَاَنَّ
اس لیے کہ بیشک	یہ	خوب دیکھنے والا ہے	خوب سننے والا	اللہ	اور یہ کہ بیشک
اور یہ کہ اللہ سب کچھ سننے والا'سب کچھ دیکھنے والا ہے۔					

اللّٰهَ هُوَ الۡحَـقُّ وَاَنَّ مَا يَدۡعُوۡنَ

يَدۡعُوۡنَ	مَا	وَاَنَّ	الۡحَـقُّ	هُوَ	اللّٰهَ
وہ پکارتے ہیں	جس کو	اور یہ کہ بیشک	حق ہے	وہی	اللہ
یہ اس لیے کہ اللہ ہی حق ہے۔اور یہ کہ جس کو یہ لوگ پکارتے ہیں					

مِنۡ دُوۡنِهٖ هُوَ الۡبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ

هُوَ	اللّٰهَ	وَاَنَّ	الۡبَاطِلُ	هُوَ	مِنۡ دُوۡنِهٖ
وہی ہے	اللہ	اور بیشک	باطل ہے	وہ	اس کے سوا
اُس کے سوا وہ سب باطل ہیں					

الۡعَلِىُّ الۡكَبِيۡرُ ﴿٦٢﴾ اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنۡزَلَ

اَنۡزَلَ	اَنَّ اللّٰهَ	لَمۡ تَرَ	اَ	الۡكَبِيۡرُ ﴿٦٢﴾	الۡعَلِىُّ
نازل کیا ہے	کہ بیشک اللہ ہی نے	آپ نے نہیں دیکھا	کیا	بہت بڑا	بلند تر
اور یہ کہ یقیناً اللہ ہی سب سے بلند اور سب سے بڑا ہے۔کیا آپ نے نہیں دیکھا					

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً اِنَّ

مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَتُصْبِحُ	الْاَرْضُ	مُخْضَرَّةً	اِنَّ
آسمان سے	پانی	پھر اس سے ہو جاتی ہے	زمین	سر سبز؟	بیشک
کہ اللہ آسمان سے پانی نازل کرتا ہے تو زمین سر سبز ہو جاتی ہے					

اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۚ ﴿٦٣﴾ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اللّٰهَ	لَطِيْفٌ	خَبِيْرٌ ۚ ﴿٦٣﴾	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
اللہ	نہایت باریک بین	بہت باخبر ہے	اسی کا ہے	جو کچھ	آسمانوں میں ہے
یقیناً اللہ باریک بین اور بہت باخبر ہے، اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے					

وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ

وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَهُوَ	الْغَنِيُّ
اور جو کچھ	زمین میں ہے	اور بیشک	اللہ	یقیناً وہی	بہت بے پرواہ
اور جو کچھ زمین میں ہے اور یقیناً اللہ بے نیاز نہایت قابل تعریف ہے۔					

الْحَمِيْدُ ﴿٦٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ

الْحَمِيْدُ ﴿٦٤﴾	اَ	لَمْ تَرَ	اَنَّ	اللّٰهَ	سَخَّرَ
نہایت قابل تعریف ہے	کیا	تم نے نہیں دیکھا	کہ بیشک	اللہ نے	تابع کر دیا
کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے زمین کی سب چیزوں کو تمھارے لیے مسخر کر دیا ہے					

لَـكُمۡ مَّا فِى الۡاَرۡضِ وَالۡـفُلۡكَ تَجۡرِىۡ فِى الۡبَحۡرِ

لَـكُمۡ	مَّا	فِى الۡاَرۡضِ	وَالۡـفُلۡكَ	تَجۡرِىۡ	فِى الۡبَحۡرِ
تمھارے	جو کچھ	زمین میں ہے	اور کشتیوں کو بھی	جو چلتی ہیں	سمندر میں
اور کشتیوں کو بھی جو سمندر میں اللہ کے حکم سے چلتی ہیں					

بِاَمۡرِهٖ وَيُمۡسِكُ السَّمَآءَ اَنۡ تَقَعَ عَلَى الۡاَرۡضِ

بِاَمۡرِهٖ	وَيُمۡسِكُ	السَّمَآءَ	اَنۡ	تَقَعَ	عَلَى الۡاَرۡضِ
اس کے حکم سے ؟	اور وہی تھامے رکھتا ہے	آسمان کو	اس سے کہ	وہ گر پڑے	زمین پر
اور وہی آسمان کو تھامے رکھتا ہے اس سے کہ وہ زمین پر گر پڑے					

اِلَّا بِاِذۡنِهٖ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوۡفٌ

اِلَّا	بِاِذۡنِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِالنَّاسِ	لَرَءُوۡفٌ
مگر	اسی کے حکم سے	بیشک	اللہ	لوگوں پر	یقیناً بہت زیادہ شفقت کرنے والا
مگر اسی کے حکم سے۔ یقیناً اللہ لوگوں پر بہت زیادہ شفقت کرنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔					

رَّحِيۡمٌ ۝٦٥ وَهُوَ الَّذِىۡۤ اَحۡيَاكُمۡ ثُمَّ يُمِيۡتُكُمۡ ثُمَّ

رَّحِيۡمٌ ۝٦٥	وَهُوَ الَّذِىۡۤ	اَحۡيَاكُمۡ	ثُمَّ	يُمِيۡتُكُمۡ	ثُمَّ
نہایت رحم کرنے والا ہے	اور وہی ہے جس نے	تمھیں زندہ کیا	پھر	وہی تمھیں موت دے گا	پھر
اور وہی ہے جس نے تمھیں زندہ کیا پھر وہی تمھیں موت دے گا					

يُحۡيِيۡكُمۡ‌ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَـكَفُوۡرٌ‏ ۝٦٦ لِّـكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلۡنَا

يُحۡيِيۡكُمۡ	اِنَّ	الۡاِنۡسَانَ	لَـكَفُوۡرٌ ۝٦٦	لِّـكُلِّ اُمَّةٍ	جَعَلۡنَا
وہی تمھیں (دوبارہ) زندہ کرے گا	بیشک	انسان	یقیناً بڑا ناشکرا ہے	ہر اُمت کے لیے	ہم نے مقرر کیا ہے
پھر وہی تمھیں (دوبارہ) زندہ کرے گا یقیناً انسان بڑا ناشکرا ہے					

مَنۡسَكًا هُمۡ نَاسِكُوۡهُ‌ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِى الۡاَمۡرِ‌

مَنۡسَكًا	هُمۡ	نَاسِكُوۡهُ	فَلَا يُنَازِعُنَّكَ	فِى الۡاَمۡرِ
عبادت کا طریقہ	وہ	اسے بجالانے والے ہیں	چنانچہ آپ سے وہ ہرگز جھگڑا کریں	اس معاملے میں
ہم نے ہر اُمت کے لیے عبادت کے طریقے مقرر کر دیئے ہیں جن کی وہ پیروی کرتے ہیں				

وَادۡعُ اِلٰى رَبِّكَ‌ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسۡتَقِيۡمٍ‏ ۝٦٧ وَاِنۡ

وَادۡعُ	اِلٰى رَبِّكَ	اِنَّكَ	لَعَلٰى هُدًى مُّسۡتَقِيۡمٍ ۝٦٧	وَاِنۡ
اور آپ بلائیں	اپنے رب کی طرف	بیشک آپ	یقیناً سیدھے راستے پر ہیں	اور اگر
تو انہیں آپؐ سے اس معاملے میں جھگڑنا نہیں چاہیے				

جَادَلُوۡكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ‏ ۝٦٨

جَادَلُوۡكَ	فَقُلِ	اللّٰهُ	اَعۡلَمُ	بِمَا	تَعۡمَلُوۡنَ ۝٦٨
وہ لوگ آپؐ سے جھگڑا کریں	تو آپؐ کہہ دیجیے	اللہ	خوب جانتا ہے	اس کو جو	تم عمل کرتے ہو
اور اگر یہ لوگ آپ ﷺ سے جھگڑیں تو آپ ﷺ کہہ دیجیے کہ اللہ خوب جانتا ہے جو تم عمل کرتے ہو۔					

اللّٰهُ يَحۡكُمُ بَيۡنَكُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فِيۡمَا كُنۡتُمۡ فِيۡهِ تَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿٦٩﴾

اللّٰهُ يَحۡكُمُ	بَيۡنَكُمۡ	يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ	فِيۡمَا	كُنۡتُمۡ	فِيۡهِ
اللہ ہی فیصلہ کرے گا	تمھارے درمیان	قیامت کے دن	ان باتوں میں کہ	تم تھے	ان میں
اللہ ہی قیامت کے دن تمھارے درمیان فیصلہ کرے گا ان تمام چیزوں کے بارے میں جن میں تم اختلاف کرتے تھے۔					

تَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمۡ تَعۡلَمۡ اَنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا

تَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿٦٩﴾	اَ	لَمۡ تَعۡلَمۡ	اَنَّ اللّٰهَ	يَعۡلَمُ	مَا
اختلاف کرتے	کیا	آپ نہیں جانتے	کہ بیشک اللہ	جانتا ہے	جو کچھ
کیا آپ نہیں جانتے کہ بیشک اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے؟					

فِى السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ اِنَّ ذٰ لِكَ فِىۡ كِتٰبٍ اِنَّ ذٰ لِكَ

فِى السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ	اِنَّ	ذٰ لِكَ	فِىۡ كِتٰبٍ	اِنَّ	ذٰ لِكَ
آسمان اور زمین میں ہے؟	بیشک	یہ سب کچھ	ایک کتاب (لوح محفوظ) میں درج ہے	بیشک	یہ
بیشک یہ سب کچھ ایک کتاب (لوح محفوظ) میں درج ہے یقیناً یہ اللہ پر بہت آسان ہے۔					

عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا

عَلَى اللّٰهِ	يَسِيۡرٌ ﴿٧٠﴾	وَيَعۡبُدُوۡنَ	مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	مَا
اللہ پر	بہت آسان ہے	اور وہ (مشرک) عبادت کرتے ہیں	اللہ کے سوا	اس چیز کہ
اور وہ (مشرک) اللہ کے سوا اس چیز کی عبادت کرتے ہیں				

لَمۡ يُنَزِّلۡ بِهٖ سُلۡطٰنًا وَّمَا لَـيۡسَ لَهُمۡ

لَمۡ يُنَزِّلۡ	بِهٖ	سُلۡطٰنًا	وَّمَا	لَـيۡسَ	لَهُمۡ
اس (اللہ) نے نہیں نازل کی	اس کی	کوئی دلیل	اور اس چیز کی	کہ نہیں ہے	انہیں
جن کے بارے میں اللہ نے کوئی دلیل نہیں اُتاری اور انہیں اس کا کچھ بھی علم نہیں۔					

بِهٖ عِلۡمٌ وَمَا لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ نَّصِيۡرٍ ﴿۷۱﴾ وَاِذَا تُتۡلٰى

بِهٖ	عِلۡمٌ	وَمَا لِلظّٰلِمِيۡنَ	مِنۡ نَّصِيۡرٍ ﴿۷۱﴾	وَاِذَا	تُتۡلٰى
اس کو	کوئی علم	اور ظالموں کے لیے نہیں ہے	کوئی مدد گار	اور جب	پڑھی جاتی ہے
اور ایسے ظالموں کا کوئی مدد گار نہیں ہے۔ اور جب ان کو ہماری واضح آیات پڑھ کر سنائی جاتی ہیں					

عَلَيۡهِمۡ اٰيٰـتُـنَا بَيِّنٰتٍ تَعۡرِفُ فِىۡ وُجُوۡهِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا الۡمُنۡكَرَ

عَلَيۡهِمۡ	اٰيٰـتُـنَا بَيِّنٰتٍ	تَعۡرِفُ	فِىۡ وُجُوۡهِ الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	الۡمُنۡكَرَ
ان پر	ہماری واضح آیات	تو آپ پہچانتے ہیں	ان لوگوں کے چہروں میں جنہوں نے	کفر کیا	ناگواری
تو آپ دیکھتے ہیں کافروں کے چہروں پر ناگواری کے اثار۔					

يَكَادُوۡنَ يَسۡطُوۡنَ بِالَّذِيۡنَ يَتۡلُوۡنَ عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِنَا

يَكَادُوۡنَ	يَسۡطُوۡنَ	بِالَّذِيۡنَ	يَتۡلُوۡنَ	عَلَيۡهِمۡ	اٰيٰتِنَا
وہ قریب ہوتے ہیں	کہ حملہ کر دیں	ان لوگوں پر جو	پڑھتے ہیں	ان پر	ہماری آیات
وہ تو قریب ہوتے ہیں کہ ہماری آیات سنانے والوں پر حملہ کر بیٹھیں					

قُلۡ اَفَاُنَبِّئُكُمۡ بِشَرٍّ مِّنۡ ذٰ لِكُمُ اَلنَّارُ

قُلۡ	اَ	فَاُنَبِّئُكُمۡ	بِشَرٍّ	مِّنۡ ذٰ لِكُمُ	اَلنَّارُ
آپؐ کہہ دیجیے	کیا	پھر میں تمھیں خبر دوں	بدتر کی	اس سے بھی؟	(وہ) آگ ہے
آپ ﷺ کہہ دیجیے کیا پھر میں تمھیں اس سے بھی بدتر کی خبر دوں؟ وہ ہے آگ!					

وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ۝٧٢ يٰۤـاَيُّهَا النَّاسُ

وَعَدَهَا اللّٰهُ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا ؕ	وَبِئۡسَ	الۡمَصِيۡرُ ۝٧٢	يٰۤـاَيُّهَا النَّاسُ
اللہ نے اس کا وعدہ کیا ہے	ان لوگوں سے جنہوں نے	کفر کیا	اور بُری ہے وہ	پھرنے کی جگہ	اے لوگو!
جس کا وعدہ اللہ نے کافروں سے کیا ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔					

ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسۡتَمِعُوۡا لَهٗ اِنَّ الَّذِيۡنَ

ضُرِبَ	مَثَلٌ	فَاسۡتَمِعُوۡا	لَهٗ	اِنَّ	الَّذِيۡنَ
بیان کی گئی ہے	ایک مثال	لہٰذا تم کان لگاؤ	اس کے لیے (غور سے سنو)	بیشک	وہ لوگ جنہیں
اے لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے پس اسے تم غور سے سنو					

تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ لَنۡ يَّخۡلُقُوۡا ذُبَابًا وَّلَوِ اجۡتَمَعُوۡا

تَدۡعُوۡنَ	مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	لَنۡ يَّخۡلُقُوۡا	ذُبَابًا	وَّلَوِ	اجۡتَمَعُوۡا
تم پکارتے ہو	اللہ کے سوا	وہ ہرگز پیدا نہیں کرسکتے	ایک مکھی بھی	اگرچہ	وہ اکٹھے ہو جائیں
بیشک وہ لوگ جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ ایک مکھی بھی پیدا نہیں کرسکتے					

لَهُ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْــًٔــا لَّا يَسْتَـنْـقِذُوْهُ

لَهُ	وَاِنْ	يَّسْلُبْهُمُ	الذُّبَابُ	شَيْــًٔــا	لَّا يَسْتَـنْـقِذُوْهُ
اس کے لیے	اور اگر	ان سے چھین لے	مکھی	کچھ	تو وہ اس کو چھڑا نہیں سکتے
اگر چہ وہ سب اس کے لیے اکھٹے ہو جائیں اور اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین کر لے جائے تو یہ اس سے وہ چھڑا نہیں سکتے۔					

مِنْهُ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿٧٣﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ

مِنْهُ	ضَعُفَ	الطَّالِبُ	وَالْمَطْلُوْبُ ﴿٧٣﴾	مَا قَدَرُوا اللّٰهَ
اس سے	کمزور ہے	طلب کرنے والا (عابد)	اور وہ جس سے طلب کیا جاتا ہے (معبود)	انہوں نے اللہ کی قدر نہیں کی
کس قدر کمزور ہے طالب بھی اور مطلوب بھی! انہوں نے اللہ کی قدر نہیں کی				

حَقَّ قَدْرِهٖ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٧٤﴾

حَقَّ	قَدْرِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَقَوِيٌّ	عَزِيْزٌ ﴿٧٤﴾
جس طرح حق ہے	اس کی قدر کرنے کا	یقیناً	اللہ	یقیناً نہایت قوت والا	خوب غالب ہے
جس طرح حق ہے اس کی قدر کرنے کا یقیناً اللہ نہایت قوت والا خوب غالب ہے۔					

اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ اِنَّ

اَللّٰهُ	يَصْطَفِيْ	مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ	رُسُلًا	وَّمِنَ النَّاسِ	اِنَّ
اللہ	چن لیتا ہے	فرشتوں میں سے	کچھ قاصد	اور لوگوں میں سے بھی	بیشک
اللہ چن لیتا ہے اپنے قاصد فرشتوں میں سے بھی اور انسانوں میں سے بھی۔					

اللّٰہَ سَمِيۡعٌ بَصِيۡرٌ ۝۷۵ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ

بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ	مَا	يَعۡلَمُ	بَصِيۡرٌ ۝۷۵	سَمِيۡعٌ	اللّٰہَ
ان کے سامنے ہے	جو کچھ	وہ جانتا ہے	خوب دیکھنے والا ہے	خوب سننے والا	اللہ

یقیناً اللہ سب کچھ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے سامنے ہے

وَمَا خَلۡفَهُمۡ وَاِلَى اللّٰهِ تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ۝۷۶ يٰۤـاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

اٰمَنُوۡا	يٰۤـاَيُّهَا الَّذِيۡنَ	الۡاُمُوۡرُ ۝۷۶	تُرۡجَعُ	وَاِلَى اللّٰهِ	وَمَا خَلۡفَهُمۡ
ایمان لائے ہو!	اے وہ لوگوں جو	تمام معاملات	لوٹائے جاتے ہیں	اور اللہ ہی کی طرف	اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے

اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے اور اللہ ہی کی طرف تمام معاملات لوٹائے جاتے ہیں۔اے ایمان کے دعوے دارو!

ارۡكَعُوۡا وَاسۡجُدُوۡا وَ اعۡبُدُوۡا رَبَّكُمۡ وَافۡعَلُوۡا الۡخَيۡرَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ۚ۩ ۝۷۷

تُفۡلِحُوۡنَ ۚ۩ ۝۷۷	لَعَلَّكُمۡ	وَافۡعَلُوۡا الۡخَيۡرَ	وَ اعۡبُدُوۡا رَبَّكُمۡ	وَاسۡجُدُوۡا	ارۡكَعُوۡا
فلاح پاجاؤ!	تاکہ تم	اور بھلائی کے کام کرو	اور اپنے رب کی عبادت کرو	اور سجدہ کرو	تم رکوع کرو

جھک جاؤ اور سر بسجود ہو جاؤ اور اپنے رب کی بندگی کرو اور نیک کام کرو تاکہ تم فلاح پاجاؤ!

وَجَاهِدُوۡا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ هُوَ اجۡتَبٰٮكُمۡ

اجۡتَبٰٮكُمۡ	هُوَ	جِهَادِهٖ	حَقَّ	فِى اللّٰهِ	وَجَاهِدُوۡا
تمھیں پسند کیا (چنا) ہے	اسی نے	اس کے جہاد کرنے کا	جیسا کہ حق ہے	اللہ کے راستے میں	اور تم جہاد کرو

اور تم جہاد کرو اللہ کے راستے میں جیسا کہ حق ہے اس کے جہاد کرنے کا اسی نے تمھیں پسند کیا (چنا) ہے

وَمَا جَعَلَ عَلَيۡكُمۡ فِى الدِّيۡنِ مِنۡ حَرَجٍ مِلَّةَ اَبِيۡكُمۡ اِبۡرٰهِيۡمَ

وَمَا جَعَلَ	عَلَيۡكُمۡ	فِى الدِّيۡنِ	مِنۡ حَرَجٍ	مِلَّةَ اَبِيۡكُمۡ اِبۡرٰهِيۡمَ
اور اس نے نہیں رکھی	تم پر	دین میں	کوئی تنگی	اپنے باپ ابراہیم کے دین کی (پیروی کرو)

اور اس نے تم پر دین کے معاملے میں کوئی تنگی نہیں رکھی اپنے باپ ابراہیم کے دین کی (پیروی کرو)

هُوَ سَمّٰىكُمُ الۡمُسۡلِمِيۡنَ مِنۡ قَبۡلُ وَفِىۡ هٰذَا لِيَكُوۡنَ

هُوَ	سَمّٰىكُمُ	الۡمُسۡلِمِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلُ	وَفِىۡ هٰذَا	لِيَكُوۡنَ
اسی (اللہ) نے	تمھارا نام رکھا ہے	مسلمان	اس (قرآن) سے پہلے	اور اس (قرآن) میں بھی	تاکہ ہوں

اسی (اللہ) نے تمھارا نام مسلمان رکھا ہے اس قرآن سے پہلے اور اس قرآن میں بھی

الرَّسُوۡلُ شَهِيۡدًا عَلَيۡكُمۡ وَتَكُوۡنُوۡا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖ

الرَّسُوۡلُ	شَهِيۡدًا	عَلَيۡكُمۡ	وَتَكُوۡنُوۡا	شُهَدَآءَ	عَلَى النَّاسِ
رسول (ﷺ)	گواہ	تم پر	اور تم ہو جاؤ	گواہ	لوگوں پر

تاکہ رسول تم پر گواہ ہوں اور تم تمام لوگوں پر گواہ ہو جاؤ

فَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعۡتَصِمُوۡا بِاللّٰهِ

فَاَقِيۡمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَاعۡتَصِمُوۡا	بِاللّٰهِ
پس تم قائم کرو	نماز	اور ادا کرو	زکاۃ	اور تم مضبوطی سے پکڑو	اللہ (کے دین) کو

پس تم نماز قائم کرو اور زکاۃ ادا کرو اور تم اللہ کے دین کو مضبوطی سے پکڑو

هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝٧٨

هُوَ	مَوْلٰىكُمْ ۚ	فَنِعْمَ	الْمَوْلٰى	وَنِعْمَ	النَّصِيْرُ ۝٧٨
وہی	تمھارامالک ہے	اور وہ بہترین	مالک ہے	اور بہترین	مدد گار ہے
وہی تمھارامالک ہے اور وہ بہترین مالک اور بہترین مدد گار ہے۔					

For updates, suggestions and/or comments please contact us on the following:

- Mohammad Abdur Rasheed
    - Mobile + Whatsapp: +1 (647) 462-7454
    - Email: mohammadrasheed97@gmail.com
- Jad Ul Haque
    - Mobile + Whatsapp: +1(343)6332211
    - Telegram: @jadulhaque
    - Email: jadulhaque@gmail.com
- Azka Abdur Rasheed
    - Email: azka.a.rasheed@gmail.com

- For other documents (surahs and duas) please visit the following link: https://archive.org/details/@shehla_rani